Session 10th

No 47

Date 7/1/2020

Department Health

تحریک استحقاق

جناب سپیکر! 31دسمبر 2019 کو ضلع مردان سے تعلق رکھنے والے ممبران اسمبلی نے مختلف محکموں کے سربراہان کی ایک میٹنگ خیبر پختونخوا ہاؤس مردان میں بلائی جس میں بلائے گئے تمام اداروں کے سربراہان نے مذکورہ میٹنگ میں شرکت کی تاہم ڈی ایچ او مردان ڈاکٹر عبید نے میٹنگ میں شرکت نہیں کی حالانکہ ان کو باضابطہ طور پر آگاہ کر دیا گیا تھا۔

جناب سپیکر! اس کے علاوہ ڈی ایچ او مردان ڈاکٹر عبید کا رویہ مردان کے منتخب نمائندوں کے ساتھ ہمیشہ سے توہین آمیز رہا ہے۔ جب بھی ان کے ساتھ عوامی مسائل کے موضوع پر بات کرنا چاہی تو مسائل کے حل کی طرف توجہ دینے اور شائستہ زبان استعمال کرنے کی بجائے ہمیشہ کہتا رہتا ہے کہ مجھے اپنا کام کرنے دیں یا میرا تبادلہ کرادیں، میں آپ لوگوں کی بات ماننے کا پابند نہیں ہوں۔

جناب سپیکر! ڈی ایچ او مردان ڈاکٹر عبید کا منتخب نمائندوں کے ساتھ اس طرح کی ہتک آمیز رویے سے نہ صرف مردان کے عوامی نمائندوں کا مجروح ہو رہا ہے بلکہ اس معزز ایوان کی بھی توہین ہے۔ لہذا اس تحریک استحقاق کو استحقاق کمیٹی کے حوالے کر کے ان کے خلاف کارروائی کی جائے۔

منجانب:

1۔ افتخار علی مشوانی ممبر صوبائی اسمبلی PK-54 مردان

2۔ طفیل انجم ممبر صوبائی اسمبلی PK-49 مردان

3۔ محمد عبدالسلام ممبر صوبائی اسمبلی PK-53 مردان

4۔ امیر فرزند خان ممبر صوبائی اسمبلی PK-51 مردان

5۔ ظاہر شاہ طورو ممبر صوبائی اسمبلی PK-52 مردان

6۔ ملک شوکت ممبر صوبائی اسمبلی PK-48 مردان

Refferred to the Privelage committee
06/01/2020

PRIVILEGE MOTION

Session No. 10th

Notice No. 47

Received Time: 10:00

7/1/2020